| Narration | Time |
|---|---|
| ماڈل ولیج یعنی مثالی گاؤں Hiware Bazar کے اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم مندرجہ ذیل کے بارے میں سیکھیں گے | 00:06 |
| 1. 'Hiware Bazar' کے لوگوں کے سامنے آنے والے مسائل | 00:09 |
| 2. 'Hiware Bazar' کی اصل پوزیشن اور | 00:13 |
| 3. ان تبدیلیوں کو لانے والے عمل | 00:16 |
| 'Hiware Bazar' کے لوگوں کے سامنے آنے والے مسائل | 00:20 |
| 'Hiware Bazar' کے لوگ زراعت کے لئے بارش پر انحصار کرتے تھے. | 00:24 |
| مٹی کا بھاری کٹاؤ زمین کے معیار کو خراب کر چکا تھا. | 00:29 |
| پینے کا پانی مشکل سے دستیاب تھا. | 00:35 |
| ان کے پاس چارہ کافی نہیں تھا. | 00:40 |
| لکڑی کا ایندھن بھی دستیاب نہیں تھا. | 00:44 |
| یہ سب بہت سے سماجی مسائل کی وجہ بنتے جیسے- : | 00:49 |
| بے روزگاری. | 00:53 |
| لوگوں کو نوکری ملنا مشکل ہو گیا تھا. | 00:55 |
| migration یعنی ہجرت | 00:58 |
| لوگوں نے گاؤں سے ہجرت شروع کر دی تھی. | 01:00 |
| اور جرائم کی شرح میں اضافہ ہوا. | 01:03 |
| 'Hiware Bazar' کی موجودہ حیثیت. | 01:06 |
| 1995 میں فی کس آمدنی 830 روپے سے بڑھ کر 2012 میں 30,000 روپے ہو گئی. | 01:09 |
| گاؤں میں 60 لکھ پتی ہیں. | 01:19 |
| غربت کی لکیر سے نیچے کے خاندانوں کی تعداد 1995 میں 168 سے 2012 میں صرف 3 رہ گئی. | 01:23 |
| اسی دوران، دودھ کی پیداوار 150 لیٹر سے بڑھ کر 4000 لیٹر ہو گئی. | 01:34 |
| خواندگی کی شرح 30 فیصد سے بڑھ کر 95 فیصد ہو گئی ہے. | 01:43 |

| | |
|---|---|
| 01:51 | جرائم کی شرح کافی نیچے آ گئی ہے. |
| 01:54 | اور روزگار میں اضافہ ہوا ہے. |
| 01:57 | وہ طریقہ کار جس سے صورت حال میں بہتری آئی. |
| 02:00 | پانچ جہتی نقطہ نظر یا Panchsutri |
| 02:05 | 1. مفت رضا کارانہ لیبر یا Shramdaan |
| 02:09 | 2. چراگاہ پر پابندی یا Charai bandi |
| 02:14 | 3. درخت کاٹنے پر پابندی یا Kurhad bandi |
| 02:19 | 4. شراب پر پابندی یا Nasha Bandi |
| 02:25 | 5. خاندانی منصوبہ بندی یا Kutumb Niyojan |
| 02:30 | Shramdaan |
| 02:32 | لوگوں نے سماج کی فلاح و بہبود کے لئے مل کر کام کرنا شروع کیا. |
| 02:38 | دیہاتیوں نے کام کرنے کا شعور پیدا کیا. |
| 02:42 | وہ مل کر پانی کے بہاؤ کو کم کرنے کے لئے، پہاڑیوں کے پاس چیک ڈیم کی تعمیر کرنے لگے. |
| 02:50 | چیک ڈیم نے زمینی پانی کی سطح میں اضافہ کرنے میں مدد کی اور مٹی کے کٹاؤ کو کم کیا. |
| 02:58 | CharaiBandi |
| 03:00 | مویشوں کی زیادہ چراگاہیں بند کی گئی. |
| 03:05 | زیادہ چراگاہیں بنجر اور مٹی کے کٹاؤ کا سبب بنتی ہے. |
| 03:12 | چرنے پر پابندی- |
| 03:14 | گھاس کی پیداوار 1994-95 میں 200 ٹن سے 2001-2002 میں 5000-6000 ٹن سے بھی زیادہ ہوگئی. |
| 03:30 | Kurhad Bandi |
| 03:32 | درختوں کے کاٹنے پر پابندی لگائی گئی. |
| 03:35 | درخت، مٹی کے کٹاؤ کی روک تھام میں مدد کرتے ہیں. |
| 03:40 | مٹی کا کٹاؤ زمین کو خراب کرتا ہے اور اس وجہ سے قابل کاشت زمین کم رہ جاتی ہے. |
| 03:47 | درخت بارش کے پانی کو کم کرتے ہیں اور زمینی پانی کی سطح کو بڑھاتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 03:54 | درختوں کے باقیات مٹی کو زرخیز بنانے میں مفید ہیں. |
| 04:00 | Nasha Bandi |
| 04:02 | 22 شراب کی دکانوں کو بند کرادیا گیا. |
| 04:05 | تمباکو اور شراب کے استعمال پر پوری طرح سے پابندی لگائی گئی |
| 04:10 | گرام سبھا نے بینکوں سے معاہدہ کر کے ان کو قرض دلوایا جن کی شراب کی دکانیں تھیں. |
| 04:17 | جرم کی شرح کم ہوئی. |
| 04:20 | لوگ زیادہ مفید کاموں میں لگے جس سے سماج کو مدد ہوئی. |
| 04:26 | Kutumb Niyojan |
| 04:28 | فی خاندان ایک بچے کی حد کا سخت قانون بنایا گیا. |
| 04:33 | پیدائش کی شرح کم ہو کر 11 فی ہزار ہوئی. |
| 04:39 | یہ عورتوں کو حمل سے متعلقہ صحت کے خطرے سے بچاتا ہے. |
| 04:44 | خاندانی منصوبہ بندی سے بچوں کی شرح اموات بھی کم ہوتی ہے. |
| 04:49 | یہ لوگوں کو با اختیار بنانے اور خاندان کی تعلیم کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے. |
| 04:55 | خاندانی منصوبہ بندی ایک طویل ٹکاؤ سماج بنانے کی کنجی ہے. |
| 05:01 | اس ٹیوٹوریل سے یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ |
| 05:04 | گاؤں کی اجتماعی کوشش ایک بہت بڑی تبدیلی لا سکتی ہے. |
| 05:09 | Panchsutri اصول بہت مؤثر ثابت ہوئے ہیں. |
| 05:15 | ان اصولوں پر عمل کرتے ہوئے ایسے کئی مثالی گاؤں کی تعمیر ہو سکتے ہیں. |
| 05:21 | اب ہم اس ٹیوٹوریل کے آخر میں آ گئے ہیں |
| 05:24 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب وڈیو دیکھیں. |
| 05:28 | یہ اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے. |
| 05:32 | اچھی بینڈ وڈتھ نہ ملنے پر آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. |
| 05:37 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم اسپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپ چلاتی ہے. |
| 05:44 | اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند دیتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 05:48 | مزید معلومات کے لئے contact@spoken-tutorial.org پر لکھیں. |
| 05:55 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک ٹو اے ٹیچر پراجیکٹ کا حصہ ہے. |
| 06:01 | یہ بھارت حکومت کے ایمپچارڈی کے آئی سی ٹی کے قومی خواندگی مشن کی طرف سے حمایت شدہ ہے. |
| 06:09 | اس مشن پر مزید معلومات http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro پر دستیاب ہیں. |
| 06:28 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے |
| 06:31 | شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ۔ |